سوال

(561) دعاء وتر میں رفع الیدین

جواب

السلام علیکم ورحمة الله وبرکاته

وتر میں رفع الیدین کا کیا حکم ہے؟

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة الله وبرکاته!
الحمد لله، والصلاة والسلام علیٰ رسول الله، أما بعد!

شریعت کا حکم ہے۔ کہ قنوت وتر میں بھی رفع الیدین کیا جائے کیونکہ یہ قنوت بھی قنوت نازلہ ہی کے جنس میں سے ہے اور یہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے ثابت ہے کہ:

«انه رفع یدیه حین دعائه فی قنوت النوازل» (سنن کبریٰ للبیهقی)

''آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے قنوت نازلہ میں دعاء کے لئے ہاتھ اٹھائے تھے۔'' (امام بیہقی نے اس حدیث کو صحیح سند کے ساتھ بیان فرمایا ہے) (شیخ ابن باز رحمة اللہ علیہ)
ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ اسلامیہ: جلد1

صفحہ نمبر451

محدث فتویٰ